January - 2025 Published in Islamabad, Pakistan A Newsletter by: www.tashkenturdu.com

TASHKENT URDU

ALL ABOUT SILK ROAD AND BEYOND



Tashkent Urdu is a leading international digital media platform based in Uzbekistan, dedicated to provide comprehensive and reliable coverage of both national and international news. Positioned at the crossroads of the historic Silk Road, the platform serves as a vital bridge between cultures and perspectives, bringing the stories of this vibrant and strategically significant region to a global audience. Tashkent Urdu caters to Urdu-speaking communities worldwide, featuring an inclusive perspective on events and developments. Its mission is to keep its audience informed and engaged with up-to-date breaking news, in-depth analysis, and feature stories that delve into the intricate social, cultural, and political dynamics of the Silk Road and surrounding regions. By focusing on regional and global issues, Tashkent Urdu fosters a nuance understanding of the interconnected world and the critical role of Central Asia in global scenario. Committed to high journalistic standards, Tashkent Urdu give a diverse range of content tailored to the interests and needs of its audience. From political developments and economic trends to cultural heritage and human-interest stories, the platform provides a rich blend of content that highlights the diversity and complexity of the Silk Road and its neighboring regions. Leveraging modern digital tools and a user-friendly interface, Tashkent Urdu ensures accessibility for its growing audience. Its multilingual team of experienced journalists and analysts brings authenticity and depth to its reporting, making it a trusted source for Urdu-speaking audiences seeking insightful and balanced news coverage. As a voice for the Silk Road's past, present, and future, Tashkent Urdu continues to expand its reach, celebrating the historical significance of the region while addressing contemporary challenges and opportunities.



DISCOVERING UZBEKISTAN

MEEZAB GROUP'S TOUR FOR PAKISTANI FAMILIES

TASHKENT URDU REPORT

A vibrant group of approximately 40 Pakistani tourists, accompanied by the Tashkent Urdu team, recently completed a landmark seven-day tour of Uzbekistan, marking a significant resurgence in cultural exchange after a four-year suspension of direct flights. Organized by the Meezab group, this journey rekindled the long-standing historical and cultural ties between the two nations.

The tour commenced in the dynamic capital city of Tashkent, where the visitors immersed themselves in the city's rich heritage. The first two days were a whirlwind of exploration, with a highlight being the spiritual and architectural grandeur of the Imam Complex in the historic old town. The authentic Uzbek Pulao, a culinary delight, proved to be an instant favorite, offering a taste of Uzbekistan's renowned hospitality.

A Pakistani tourist group has expressed significant satisfaction with their visit to Uzbekistan, leading Meezab Group to announce plans for weekly tours. Director Shahid Anwar of Meezab Group stated that the tours have been met with "great happiness" from participating families and children.





Waqas Anjum Jaffri, CEO of Dar e Arqam School System Pakistan, emphasized the historical importance of Uzbekistan, stating that the region is "integral" to the history of their region. He noted that his organization had been attempting to organize such a trip for four years.

Writer and researcher Mushtaq Manghat described the trip as fulfilling a "long-desired" goal, made possible by overcoming previous visa obstacles. He stated that the group is among the first to successfully obtain visas, and that the region's crucial role in the development and spread of Islamic civilization was a primary motivator for the visit. He explained the regions importance in the Islamic civilizations spread towards Afghanistan and the subcontinent.



The Meezab group has a history of providing travel services, and are now expanding those services to provide regular tours to Uzbekistan.The journey then transitioned to the high-speed Afrosiyob bullet train, whisking the group to the legendary city of Samarkand. Here, the echoes of the Silk Road resonated deeply as the visitor's witnessed history come alive. The itinerary included visits to revered sites such as the Imam Bukhari Complex, the serene Hazrat Daniyal grave, the awe-inspiring Shah-e-Zinda necropolis, the majestic Amir Temur grave, and the iconic Registan Square, each a testament to Samarkand's enduring legacy.The final leg of the tour led the group to Bukhara, a city steeped in centuries of intellectual and cultural richness. The visitors explored the city's labyrinthine alleyways, ancient madrasahs, and vibrant bazaars, experiencing firsthand the profound historical depth that Bukhara offers.

This successful tour signals a renewed era of connectivity between Pakistan and Uzbekistan, fostering deeper cultural understanding and tourism. The Meezab group's initiative has not only bridged the gap created by the flight suspension but has also paved the way for future exchanges, reinforcing the enduring bond between the two nations. The enthusiastic reception from both the tourists and the Uzbek people underscores the potential for increased collaboration and mutual appreciation in the years to come.



SAMARKAND STATE MEDICAL UNIVERSITY
HOSTS 3,000 INTERNATIONAL STUDENTS

Dr Jasur Rizayev

Dr. Jasur Rizayev, the Rector of Samarkand State Medical University (SSMU), recently gave an exclusive interview to Tashkent Urdu, discussing the university's academic system, facilities, and the role of international students. Speaking to Tashkent Urdu, he highlighted that SSMU is one of Uzbekistan's oldest medical universities, established in 1930, and has produced some of the finest doctors. He explained that the university offers a wide range of medical disciplines, including General Medicine, Podiatry, Medical Biology, Dentistry, and Pharmacy, among others. Currently, the institution hosts around 14,000 students, including 3,000 international students.

Dr. Rizaev emphasized that SSMU started admitting international students four years ago and has since been striving to provide quality education, comfortable accommodation, and a peaceful environment for them. Initially, the university faced challenges, such as a lack of English-language medical books, but over the past four years, it has built an extensive collection of English textbooks.

To further enhance the learning experience for international students, SSMU has established a specialized online education platform, allowing professors from Pakistan and other countries to teach students remotely. Discussing the faculty, Dr. Rizayev revealed that over 50 foreign professors from countries such as Russia, Pakistan, Afghanistan, and South Korea are part of the university, ensuring that international students receive education in English. Additionally, tutors are available to assist students in English, making it easier for them



to adapt.

"We understand there are still challenges in our education system, but we are systematically working to improve and simplify difficult aspects for our students," he added.Dr. Rizayev shared that in the initial years, the university faced hurdles in faculty recruitment, curriculum development, and MBBS program structuring, but through dedicated efforts, SSMU has now successfully created a well-organized system for students and faculty.

His message to students was simple yet inspiring:"Work hard, study diligently, and become skilled doctors. This is not only important for you but for the entire university."Dr. Rizayev also highlighted Uzbekistan's rich cultural heritage and historical sites, encouraging international students to explore Uzbek traditions and history while pursuing their medical education.

He reaffirmed the university's commitment to supporting foreign students in their educational journey and making their transition smoother in the coming years. This exclusive conversation with Tashkent Urdu sheds light on SSMU's rapid development, its commitment to international students, and its vision for the future of medical education in Uzbekistan.



PAKISTANI STUDENTS THRIVING AT

SAMARKAND STATE MEDICAL UNIVERSITY



Samarkand State Medical University has become a hub for international students, with a significant number of Pakistani students pursuing their medical education here. In an exclusive interview with Tashkent Urdu, Dr. Kaleem Raza, Head of the Anatomy Department, shared insights into the university's growing international presence and academic excellence.

Dr. Kaleem Raza, who has been serving at the university for the past five years, stated that the number of international students has surpassed 4,000, with the majority coming from Pakistan, India, and other South Asian countries, as well as the GCC, Russia, and Central Asia.

The university also boasts a diverse faculty with over 50



international professors, hailing from Pakistan, India, Bangladesh, and other nations. This ensures a high academic standard and a global learning environment for students.

Dr. Kaleem Raza highlighted the deep-rooted historical and cultural ties between Uzbekistan and Pakistan, which make it easier for Pakistani students to adapt and feel at home in Samarkand. He praised the university administration for its continuous support in facilitating international students.With a strong focus on quality education and student success, Samarkand State Medical University is emerging as a top choice for Pakistani students. seeking world-class medical education. Graduates from the university are excelling in Pakistan and other countries, reflecting the high standards of medical training provided here.Samarkand State Medical University stands as an excellent opportunity for Pakistani students to pursue their dreams in the medical field while enjoying a welcoming and academically enriching environment.



BUKHARA WELCOMES APPROXIMATELY 2 MILLION TOURISTS ANNUALLY

DEPUTY GOVERNOR

In an exclusive conversation with Tashkent Urdu, the Deputy Governor of Bukhara, Bakhtiyar Sheryar, shared insights about the historic significance of Bukhara, its architectural heritage, and tourism growth.

While welcoming Tashkent Urdu, Bakhtiyar Sheryar talked about Bukhara region and said that I have immense love for this city, and I warmly welcome all guests from Pakistan.

Bukhara is an extraordinary historical city that has been home to legendary figures like Imam Bukhari and Ibn Sina (Avicenna).

Speaking about Bukhara's historical sites, Bakhtiyar Sheryar mentioned that Kalyan stunning complex is nearly 2,500 years old and has stood the test of time as a symbol of Islamic and Central Asian heritage.When asked about the number of visitors to Bukhara each year, he stated that the city welcomes approximately 2 million tourists annually.



He further elaborated on Bukhara's deep-rooted Islamic and historical background, calling it a masterpiece of Islamic architecture. The city is home to numerous historic mosques, madrasas, and architectural wonders that reflect centuries of rich culture and tradition. With its grand history and vibrant tourism, Bukhara remains a jewel of Uzbekistan, attracting history enthusiasts and travelers from around the world.



تاشقند
TASHKENT URDU

"SILK ROAD & BEYOND"

MR ZABEEH ULLAH BALAGGAN
Chairman

MR RASHID MEHMOOD
President

MR MUHAMMAD HASSAN
CEO/Resident Editor Pakistan

SHABIR A. YOUSAFZAI
Staff Correspondent

What's App
+998 99710 7471

Email
info@tashkenturdu.com

Office

UZBEKISTAN
6 Ziyolilar Street, Tashkent,
Uzbekistan.

PAKISTAN
39-Saigol Estate, Johar Town,
Lahore - Pakisatn.

UAE
Sharjah Media City,
Sharjah, UAE.



پاکستان اور ازبکستان

کے درمیان بھائی چارہ قائم کرنے کیلئے اردو زبان پل کا کردار ادا کر سکتی ہے

انٹرویو : ڈاکٹر سندس مستقیم

ڈاکٹر شرف مرزا 18 سال کی عمر سے اردو پڑھنے، لکھنے اور پڑھانے کی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ مشرق وسطی، خصوصا ازبکستان میں اردو کی ترویج و ترقی کیلئے ان کی بے پناہ خدمات ہیں۔ ڈاکٹر شرف مرزا اور ان کے دوستوں نے مشرق وسطی کے مختلف زبانوں کے 34 کتابوں کا اردو میں ترجمہ کیا ہے۔ ڈاکٹر مرزا کئی سالوں سے مختلف جامعات میں درس وتدریس کے سلسلے میں مصروف ہیں۔

ازبکستان کے دارالحکومت، تاشقند میں 'تاشقند اردو' سے بات کرتے ہوئے ڈاکٹر شرف مرزا نے کہا کہ ازبک اور اردو زبانیں آپس میں ملتی جلتی ہیں کیونکہ دونوں زبانوں میں تقریبا 3 سے 4 ہزار الفاظ مشترک ہیں۔ جب میں نے ابھی اردو زبان سیکھنا شروع نہیں کی تھی، تب سے میں ان 3 سے 4 ہزار الفاظ سے واقف تھا۔

ان کا مزید کہنا تھا کہ اردو زبان اپنی شاعری کی وجہ سے پوری دنیا میں مشہور ہے۔ فارسی شاعری کے بعد، اگر کسی زبان نے شاعری میں عالمی سطح پر مقام پایا ہے، تو وہ اردو ہے۔ اسی چیز نے مجھے اردو سیکھنے اور سکھانے کی طرف مائل کیا۔

ڈاکٹر شرف مرزا نے بتایا کہ، 1970 اور 1980 کی دہائی میں ازبکستان سے ایک اردو میگزین 'ازبکستان آج' شائع ہوتا تھا، جو اردو، ہندی، عربی اور انگریزی میں دستیاب تھا۔ میں اس میگزین کے اردو ایڈیشن کا ایڈیٹر تھا، لیکن بعد میں یہ سلسلہ بند ہو گیا۔ اب میری خواہش ہے کہ، اس روایت کو دوبارہ زندہ کیا جائے۔ ڈاکٹر شرف مرزا کے مطابق، وہ ازبکستان میں اردو ریڈیو سروس کے بھی اہم حصہ رہے ہیں۔ وہ خبریں، کھیلوں کی رپورٹیں، ادبی مضامین اور ڈرامے نشر کرتے تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ، اس دور میں انہیں پاکستان، بھارت، بنگلہ دیش اور دیگر ممالک سے سامعین کے خطوط موصول ہوتے تھے، جو اردو کے فروغ کے لیے ایک حوصلہ افزا پہلو تھا۔

ڈاکٹر شرف مرزا نے 1975 سے اردو میں تراجم کا کام شروع کیا۔ اس دوران وہ بھارت کے مترجم، منظر سلیم کے ساتھ مل کر کام کرتے رہے، جو لکھنؤ سے تعلق رکھتے تھے۔ یہ دونوں، تراجم کا موازنہ روسی زبان سے کرتے، تاکہ کسی قسم کی غلطی نہ ہو۔ ان کے مطابق، اردو زبان میں تراجم کا سلسلہ آج بھی جاری رہنا چاہیے، تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس زبان سے مستفید ہو سکیں۔ ان کا کہنا تھا کہ، آج بھی ازبک نوجوان اردو سیکھنے اور سمجھنے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ وہ خود بھی مختلف طلبہ کو اردو سکھا چکے ہیں اور ان کے سابقہ شاگرد اب بھی ان سے مشورہ لینے آتے ہیں۔ ازبک نوجوان اردو سیکھنے کے دوران گرامر اور املا کی غلطیوں سے بچنے کے لیے سوالات کرتے ہیں، جو ظاہر کرتا ہے کہ، وہ اس زبان سے واقعی محبت کرتے ہیں۔

ڈاکٹر شرف مرزا نے پیشگوئی کی کہ، آنے والے سالوں میں اردو زبان مزید ترقی کرے گی۔ ان کے مطابق، اردو کا شمار دنیا کی دس بڑی زبانوں میں ہوتا ہے، لیکن وہ سمجھتے ہیں کہ، حقیقت میں اردو پانچویں یا چھٹی بڑی زبان ہے۔ انہوں نے کہا کہ، اردو کی مقبولیت اس کی خوبصورتی اور وسیع ذخیرہ الفاظ کی وجہ سے ہے۔ یہ ایک فراخ دل زبان ہے، جو مختلف زبانوں کے الفاظ کو اپنے اندر جذب کر لیتی ہے۔ مثال کے طور پر 'ممبرانِ پارلیمنٹ' بظاہر فارسی یا انگریزی کا لفظ لگتا ہے، لیکن یہ مکمل طور پر اردو میں ضم ہو چکا ہے۔

آخر میں، ڈاکٹر شرف مرزا نے کہا کہ، ان کی ہمیشہ سے خواہش رہی ہے کہ، ازبکستان اور پاکستان کے عوام کو قریب لایا جائے، تاکہ دونوں قوموں کے درمیان محبت اور بھائی چارہ قائم ہو۔ اس مقصد میں اردو زبان ایک پل کا کردار ادا کر سکتی ہے۔



مجھے فیض کی تنہائی نظم پسند ہے

ازبک خاتون کی اردو سے محبت کی داستاں

انٹرویو : شبیر احمد یوسفزئی

منیرہ صاحبہ اردو زبان کی پروفیسر ہیں اور ازبکستان کی باشندہ ہیں۔ اردو زبان سے محبت نے ان کو اردو سیکھنے، پڑھنے، اور اب پڑھانے پر مجبور کر دیا ہے۔ اردو زبان کیلئے ان کی بے پناہ خدمات کو فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ منیرہ صاحبہ تاشقند ریڈیو کے شعبہ اردو میں بطور انچارج خدمات انجام دے چکی ہیں۔

ازبکستان میں 'تاشقند اردو' سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ، میرا تعلق ازبکستان سے ہے اور میری زبان ازبک ہے لیکن میں نے اسکول میں پہلے ہندی زبان سیکھی۔ اسکول لیول کے بعد مشرقیات علوم میں داخلے کے لیے درخواست دی، اور وہاں شعبہ اردو میں مجھے داخلہ مل گیا۔ اس وقت مجھے بالکل معلوم نہیں تھا کہ، اردو زبان بھی دنیا میں موجود ہے۔ لیکن جیسے جیسے میں نے اسے سیکھا، مجھے اردو سے محبت ہو گئی، اور یہ زبان مجھے بے حد پسند آئی۔

> اردو ہے جس کا نام ہمیں جانتے ہیں داغ
> سارے جہاں میں دھوم ہماری زباں کی ہے
>
> داغ دہلوی

ان کا مزید کہنا تھا کہ، پانچ سالہ کورس مکمل کرنے کے بعد، میں نے اسکول میں اردو پڑھانا شروع کیا۔ 20 سال تک اسکول میں اردو کی درس و تدریس سے وابستہ رہیں۔ اس کے بعد ازبکستان کے قومی ریڈیو میں اردو کے بین الاقوامی سیکشن میں خدمات انجام دیے۔

منیرہ صاحبہ نے بتایا کہ، میں تاشقند ریڈیو میں اردو سیکشن کی انچارج تھی اور مختلف پروگرام تیار کرتی تھی۔ میں نے 15 سال تک وہاں کام کیا اور مختلف ثقافتی اور معلوماتی پروگراموں کی میزبانی کی۔

> ”مجھے فیض احمد فیض اور مرزا غالب بہت پسند ہیں۔ ان کی شاعری بے مثال ہے۔ میں شاعری خود نہیں لکھ سکتی، لیکن اردو کے اشعار پڑھنا میرا شوق ہے“

اردو ادب سے اپنی محبت کا اظہار کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ، مجھے فیض احمد فیض اور مرزا غالب بہت پسند ہیں۔ ان کی شاعری بے مثال ہے۔ میں شاعری خود نہیں لکھ سکتی، لیکن اردو کے اشعار پڑھنا میرا شوق ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ، میری بہن ازبکستان میں شاعرہ ہیں۔ میں نے ان کی کچھ غزلوں کا اردو میں ترجمہ کیا ہے۔ میں شاعری کی ماہر نہیں ہوں، لیکن مجھے ترجمہ کرنے کا شوق ہے اور کرتی ہوں۔

پاکستان کے بارے میں اپنی ماضی کی یادوں کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ، میں کئی بار پاکستان جا چکی ہوں۔ میں اسلام آباد، لاہور، اور کراچی گھومی ہوں۔ مجھے لاہور سب سے زیادہ پسند آیا، کیونکہ اس کی ثقافت ہمارے سمرقند شہر سے بہت ملتی جلتی ہے۔

اردو زبان کیلئے اپنی خدمات پر بات کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ، اردو ایک بہت خوبصورت زبان ہے۔ میں آج بھی اردو زبان کی ترویج و ترقی کے لیے لکھتی ہوں۔ میں مختلف علمی اور ادبی مضامین بھی لکھتی ہوں اور پاکستان و ازبکستان کے تعلقات کو اردو زبان کے ذریعے اجاگر کرتی ہوں۔



'تاشقند اردو' کی جانب سے ازبکستان کے دار الحکومت میں تعارفی نشست کا اہتمام



تاشقند اردو' کی جانب سے ازبکستان کے دار الحکومت،' تاشقند میں ایک تعارفی نشست کا انعقاد کیا گیا، جس میں ازبکستان کے نامور اردو مترجمین، براڈ کاسٹرز، ماہرینِ تعلیم، اور اساتذہ نے شرکت کی۔

اس تقریب کا مقصد ازبکستان میں اردو زبان کی ترویج اور دونوں ممالک کے درمیان ثقافتی و تعلیمی روابط کو مضبوط کرنا تھا۔ تقریب میں دارِ ارقم اسکول سسٹم کے سی ای او، وقاص انجم جعفری بطور مہمانِ خصوصی شریک ہوئے، جبکہ چیئرمین تاشقند اردو، ذبیح اللہ بلگن نے مہمانوں کا استقبال کیا۔ انہوں نے اپنی گفتگو میں کہا کہ ،ازبکستان میں بیٹھ کر اردو کی بات کرنا ایک غیر معمولی اور خوش آئند لمحہ ہے۔ میں نے ازبک عوام کو قریب سے دیکھا ہے، اور ان کی اردو سے محبت اور لگن غیر معمولی ہے۔

یہاں موجود تمام افراد اس محبت کی عملی مثال ہیں، جو ازبک ہو کر بھی اردو کے فروغ کے لیے کام کر رہے ہیں۔ مہمانِ خصوصی وقاص انجم جعفری نے اپنی تقریر میں اردو زبان کو ثقافتی ہم آہنگی کا ذریعہ قرار دیا۔

انہوں نے کہا کہ ، یہ میرے لیے فخر کی بات ہے کہ میں سرحد پار ایسے افراد کے درمیان موجود ہوں جو اردو کے فروغ کے لیے خلوص اور محنت سے کام کر رہے ہیں۔ زبانیں صرف بات چیت کا ذریعہ نہیں، بلکہ تہذیبوں کو جوڑنے کا بھی وسیلہ ہوتی ہیں، اور اردو اس حوالے سے ایک منفرد مقام رکھتی ہے۔



ازبکستان کے معروف ماہرِ تعلیم اور اردو مترجم، ڈاکٹر شرف مرزا نے اردو کی عالمی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ ،اردو زبان ہم سب کو جوڑتی ہے، یہ صرف ایک ذریعہ اظہار نہیں، بلکہ تہذیبی پل بھی ہے، جس نے ہمیں ایک دوسرے سے منسلک کر رکھا ہے۔ یہ تعلق ہمیشہ قائم رہے گا، کیونکہ اردو محض ایک زبان نہیں، بلکہ ایک مشترکہ ثقافتی ورثہ ہے۔



تقریب میں شریک تمام افراد نے اردو کے فروغ کے عزم کا اعادہ کیا اور دونوں ممالک کے درمیان علمی و ادبی روابط کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا۔ اس نشست میں اردو زبان و ادب سے جُڑے مختلف موضوعات پر تبادلہ خیال کیا گیا اور مستقبل میں ازبکستان میں اردو کے فروغ کے لیے مزید اقدامات اٹھانے پر زور دیا گیا۔

یہ تقریب ازبکستان میں اردو کے بڑھتے ہوئے اثر و رسوخ اور وہاں کے عوام کی اردو سے محبت کا عملی ثبوت تھی، جس میں شرکاء نے اردو کے ذریعے پاکستان اور ازبکستان کے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔